سوال

(453)آلت پیشاب گاہ کوہاتھ لگانے سے وضوٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آلت پیشاب گاہ کو سہوا یا قصداہاتھ لگانے سے وضوٹوٹ جاتا ہے یا نہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغیر کپڑے کے لگے تو احتیاطاً وضو کرے ۔ یہ مذہب ارجح ہے ۔

شرفیہ

مس زکر سے وضوٹوٹ جاتا ہے ۔ لہذا وضو کرنا فرض ہے ۔

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مس ذکرہ فلیتوضا" (رواہ ابن ماجۃ والاثرم وصحہ احمد وابوزرعۃ وایضا)

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من افضی بیدہ الی ذکرہ لیس دونہ ستر فقد وجب علیہ الوضوء" (رواہ احمد وابن حبان فی صحیحہ وقال حدیث صحیح سندہ عدول نقلتہ صحہ الحاکم وابن عبد البر واخرجہ الیہقی والطبرانی فی الصغیر وقال ابن المسکن ہوا جود ما روي فی ہذا الباب انتہی مافی نیل الاوطار ص 174 ج 1) (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص612